# Maulana Azad National Urdu University

## M.A. (Urdu) I Semester Examination, April 2021

## Paper : MAUR101CCT : Lisaniyaat

## پرچہ : لسانیات

**Time : 3 hrs** **Marks : 70**

**ہدایات:**

یہ پرچۂ سوالات تین حصوں پر مشتمل ہے: حصہ اول، حصہ دوم، حصہ سوم۔ ہر جواب کے لئے لفظوں کی تعداد اشارۃً ہے۔ تمام حصوں سے سوالوں کا جواب دینا لازمی ہے۔

1. **حصہ اول** میں **10** لازمی سوالات ہیں جو کہ معروضی سوالات/ خالی جگہ پُر کرنا/مختصر جواب والے سوالات ہیں۔ ہر سوال کا جواب لازمی ہے۔ ہر سوال کے لیے 1 نمبر مختص ہے۔ **(10 x 1 = 10 Marks)**
2. **حصہ دوم** میں آٹھ سوالات ہیں۔اس میں سے طالب علم کو کوئی پانچ سوالوں کے جواب دینے ہیں۔ ہر سوال کا جواب تقریباً دوسو **(200)** لفظوں پر مشتمل ہے۔ ہر سوال کے لیے **6** نمبرات مختص ہیں۔ **(5 x 6 = 30 Marks)**
3. **حصہ سوم** میں پانچ سوالات ہیں۔اس میں سے طالب علم کو کوئی تین سوالوں کے جواب دینے ہیں۔ ہر سوال کا جواب تقریباً پانچ سو **(500)** لفظوں پر مشتمل ہے۔ ہر سوال کے لیے **10** نمبرات مختص ہیں۔ **(3 x 10 = 30 Marks)**

---

## حصہ اول

**سوال نمبر : 1**

(i) ذیل میں سے کون صوتیات کی شاخ نہیں ہے،

(a) نفسی صوتیات (b) تلفظی صوتیات (c) سمعی صوتیات (d) سمعیاتی صوتیات

(ii) مارفیمیات میں کس کا مطالعہ کیا جاتا ہے؟

(a) کلام کی ساخت کا (b) لفظوں کی ساخت کا (c) معنی کی ساخت کا (d) جملے کی ساخت کا

(iii) درج ذیل میں سے کون نحویات کا حصہ نہیں ہے؟

(a) لفظ (b) ترکیب (c) جزو (d) جزو متصل

(iv) جارج گریرسن کا ''لسانی جائزہ ہند'' کب شائع ہوا تھا؟

(a) 1888 (b) 1897 (c) 1757 (d) 1875

(v) درج ذیل میں سے کون زبان کا خاصہ نہیں ہے؟

(a) ترسیل خیال کا ذریعہ (b) خود اختیاریت (c) سماج و خطہ مخصوص (d) غیر منضبط صوتی علامات

(vi) اردو زبان کا تعلق کس اپ بھرنش سے مانا جاتا ہے؟

(a) مہاراشٹری (b) شورشینی (c) ماگدھی (d) اردھ ماگدھی

(vii) کس زبان کا تعلق ہند آریائی زبانوں کے خاندان سے نہیں ہے؟

(a) تلگو (b) اردو (c) پنجابی (d) مراٹھی

(viii) پراکرت کے لفظی معنی کیا ہیں؟

(a) تمدنی و تہذیبی (b) عوامی اور دیہاتی (c) سنسکرت زدہ (d) اعلیٰ و ارفع

(ix) کس ماہر لسانیات کے مطابق اردو 'پنجاب' میں پیدا ہوئی؟

(a) سید سلیمان ندوی (b) مسعود حسین خان (c) حافظ محمود شیرانی (d) محمد حسین آزاد

(x) مولانا سید سلیمان ندوی کے مطابق اردو کا ہیولی کہاں تیار ہوا؟

(a) وادی سندھ میں (b) دکن میں (c) دوآبہ میں (d) دہلی میں

## حصہ دوم

2۔ لسانیات سے کیا مراد ہے؟

3۔ اسلوبیات کی وضاحت کیجیے۔

4۔ صوتیات کی تفصیل بیان کیجیے۔

5۔ فونیمیات اور صوتیات کے امتیازات بیان کیجیے۔

6۔ زبان کی تعریف کیجیے اور اردو کے مختلف ناموں کی وضاحت کیجیے۔

7۔ ''اعضائے نطق'' کون کون سے ہیں؟

8۔ اردو کے آغاز و ارتقا کا سیاسی و تہذیبی پس منظر بیان کیجیے۔

9۔ مارفیمیات و نحویات کے مابین فرق کو واضح کیجیے۔

## حصہ سوم

10۔ لسانیات کی اہمیت بیان کرتے ہوئے اس کی مختلف شاخوں کی وضاحت کیجیے۔

11۔ صوتیات کے حوالے سے اعضائے نطق کی کیا اہمیت ہے؟

12۔ اردو ہندی کے لسانی رشتوں پر ایک مضمون لکھیے ۔

13۔ اردو زبان کے آغاز سے متعلق مختلف نظریات کی وضاحت کیجیے۔

14۔ ہند آریائی زبانوں کے عہد واری ارتقا کو مفصل بیان کیجیے۔

☆☆☆